Social Studies (Urdu Medium) - 5th Class Social Studies Chapter 5 Short Questions

Q1. زلزلہ کسے کہتے ہیں.

Ans 1: جب زمین کے اندرونی حصوں میں مختلف حرکات کے باعث زمین کی ظاہری سطح تھر تھرانے لگھے تو اسے زلزلہ کہتے ہیں.

Q2. ایک عرض بلد اور ایک طول بلد کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں.

Ans 1: ایک عرض بلد قریبا 111 کلومیٹر کا ہوتا ہے اور ایک طول بلد چارمنٹ کا ہوتا ہے

Q3. دریائے گومل کے جنوب میں کون سا پہاڑی سلسلہ واقع ہے.

Ans 1: دریائے گومل کے جنوب میں کوہ سلیمان کا پہاڑی سلسلہ واقع ہے.

Q4. گوادر کی بندرگاہ کی کیا اہمیت ہے.

Ans 1: گوادر کی بندرگاہ مستقبل میں پاکستان کی معاشی سرگرمیوں کا اہم مسئلہ ہوگی . یہ بندرگاہ چین، پاکستان اقتصادی راہ داری یعنی سی پیک کا اہم حصہ ہے. یہ چین اور پاکستان کے درمیان تجارت کو فرغ کا ایک منصوبہ ہے.

Q5. تھل کے اضلاع کون سے ہیں.

Ans 1: تھل کے اضلاع میں خوشاب، بھکر، جھنگ، اور مظفر گڑھ شامل ہیں.

Q6. تودہ کا گرنا کیا ہے.

Ans 1: زمین کی کشش ،تیز ہواؤں یا بارش کے سبب جب پہاڑوں سے چٹانیں اورمٹی کے تودے نشیبی علاقوں کی طرف حرکت کریں تو انہیں تودوں کا گرنا کہتے ہیں.

Q7. خط استوا کے قریب کے علاقوں کا درجہ حرارت زیادہ کیوں ہوتاہے.

Ans 1: خط استوا کے قریب کے علاقوں کا درجہ حرارت اس لیے زیادہ ہوتا ہے. کیوں کہ خط استوا پر سورج کی شعایں عمودا پڑتی ہیں.

Q8. خطوط عرض بلد کا فائدہ کیاہے.

Ans 1: خطوط عرض بلد کے زریعے سے مقامات کے درمیان فاصلے کو معلوم کیا جاسکتاہے.

Q9. دنیا کے چند کم گنجان اباد ممالک کے نام لکھیں.

Ans 1: گرین لینڈ ، آسٹریلیا ، کینیڈا، منگولیا.

Q10. سی پیک کیا ہے.

Ans 1: سی پیک چین اور پاکستان کے درمیان تجارت کو فروغ دینے کا ایک منصوبہ ہے.